RNI NO. APURD/2009/30780

روزنامہ

بے زبانوں کی زبان

صدائے حسینی

حیدرآباد

Sada-E-Hussaini

URDU DAILY

The Democratic News
Thedemocraticnews
thedemocraticnd@gmail.com
Epaper.sadaehussaini.com
@theDemocraticD6

قیمت : 1 جلد (18) شمارہ (29) صفحات (8) 29/جنوری 2026 9/شعبان المعظم 1447ھ جمعرات 29-01-2026 Thursday E-mail : sadaehussaini@gmail.com Rs .1 (with SM Rs 5)

مہاراشٹر کے ڈپٹی چیف منسٹر اجیت پوار طیارہ حادثہ میں ہلاک

آج 11 بجے دن آخری رسومات مہاراشٹر میں 3 روزہ سوگ کا اعلان

ممبئی ۔28/جنوری (ایجنسی) مہاراشٹر کے نائب وزیراعلی اجیت پوار بدھ کی صبح بارامتی ایئرپورٹ کے قریب پیش آئے ایک المناک طیارہ حادثے میں انتقال کر گئے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن (ڈی جی سی اے) نے تصدیق کی ہے کہ طیارے میں سوار اجیت پوار سمیت تمام افراد جاں بحق ہوگئے اور کوئی بھی زندہ نہ بچ سکا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حکام کا کہنا ہے کہ یہ حادثہ تکنیکی خرابی کے باعث پیش آیا۔ حادثے کی اصل وجہ اور طیارے میں پیدا ہونے والی مخصوص تکنیکی خرابی کی تفصیلی تحقیقات جاری ہیں۔ ایئرپورٹ حکام نے واقعے کی اعلی سطحی جانچ شروع کر دی ہے۔ حادثے کا شکار ہونے والا چھوٹا طیارہ ممبئی سے روانہ ہوا تھا اور بارامتی ایئرپورٹ پر لینڈنگ کی کوشش کے دوران رن وے سے ہٹ کر قریب کے کھیت میں جا گرا، جس کے نتیجے میں طیارہ مکمل طور پر تباہ ہوگیا اور تمام مسافر موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے۔ اجیت پوار، نیشنل کانگریس پارٹی کے سینئر رہنما اور مہاراشٹر کی سیاست کی نمایاں شخصیت تھے۔ وہ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کے انتخابات کے سلسلے میں انتخابی مہم میں شرکت کے لیے جا رہے تھے۔ بتایا گیا ہے کہ آج بارامتی تعلقہ میں تین انتخابی جلسے منعقد ہونا تھے، جن میں ان کی شرکت طے تھی۔ اس المناک حادثے سے مہاراشٹر کی سیاسی فضا سوگوار ہوگئی ہے، جبکہ عوام اور سیاسی حلقوں کی نظریں اب تحقیقاتی رپورٹ پر مرکوز ہیں، جس سے حادثے کی وجوہات واضح ہونے کی امید کی جارہی ہے۔ دریں اثناء مہاراشٹر کے نائب وزیراعلی اجیت پوار کے بارامتی میں ایک المناک طیارہ حادثے میں انتقال کے بعد ریاست میں 3 روزہ سوگ کا باضابطہ اعلان کیا گیا ہے۔ اجیت پوار کی موت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مہاراشٹر کے وزیراعلی دیویندر فڑنویس نے کہا کہ میں صدمے میں ہوں۔ ہم سب ان کے اہل خانہ اور پارٹی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اہل خانہ کے بارامتی پہنچنے کے بعد ہم آگے کی کارروائی پر تبادلہ خیال کریں گے اور فیصلہ لیں گے۔ ایکناتھ شندے جی اور میں بارامتی جا رہے ہیں۔ ہم نے وزیراعظم اور وزیر داخلہ کو بھی واقعہ کے متعلق اطلاع دے دی۔ ہم سب صدمے میں ہیں۔ واضح رہے کہ اجیت پوار کی آخری رسومات جمعرات کو پونے ضلع واقع بارامتی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ کیے جانے کی جانکاری سامنے آرہی ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ آخری رسومات میں برسراقتدار طبقہ اور اپوزیشن کے کئی لیڈران شرکت کریں گے۔ ذرائع کے حوالہ سے جو خبریں موصول ہورہی ہیں، ان میں بتایا جارہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ بھی اجیت پوار کی آخری رسومات میں شامل ہوسکتے ہیں۔ آخری رسومات جو کہ ودیا پرتشٹھان میدان میں عمل پذیر ہوگا۔ این سی پی نے مطلع کیا ہے کہ اس دوران دنیائے سیاست کے کئی لیڈران موجود رہیں گے۔ اجیت پوار کے جسد خاکی کو ودیا پرتشٹھان میدان میں کچھ دیر رکھا جائے گا تاکہ عوام ان کا آخری دیدار کرسکیں اور خراج عقیدت پیش کیا جاسکے۔

اجیت پوار کی موت پر وزیراعظم مودی، ملکارجن کھڑگے راہول گاندھی اور پرینکا گاندھی کا اظہار افسوس

ممبئی ۔28/جنوری (ایجنسی) وزیراعظم نریندر مودی نے ڈپٹی چیف منسٹر کے انتقال پر بھی اظہار تعزیت کیا اور انہیں عوام کا لیڈر قرار دیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ شری اجیت پوار جی عوامی لیڈر تھے جن کا نچلی سطح پر عوام سے گہرا تعلق تھا۔ انہیں ایک محنتی شخصیت کے طور پر بڑے پیمانے پر احترام حاصل تھا جو مہاراشٹر کے عوام کی خدمت میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ انتظامی امور پر ان کی گرفت اور غریبوں و پسماندہ طبقات کو بااختیار بنانے کا جذبہ بھی قابل ذکر تھا۔ ساتھ ہی انہوں لکھا کہ ان کی بے وقت موت انتہائی حیران کن اور دکھ بھری ہے۔ ان کے اہل خانہ اور لاتعداد چاہنے والوں سے دلی تعزیت۔ اوم شانتی۔ کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی اجیت پوار کی موت پر غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ شری اجیت پوار کی طیارہ حادثے میں المناک وفات کی خبر نہایت صدمہ خیز اور دل دہلا دینے والی ہے۔ یہ ایک ایسے رہنما کا بے وقتی نقصان ہے جس کے سامنے ایک طویل اور تابناک سیاسی مستقبل تھا۔ اس مشکل گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم والم کا اندازہ الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ میں پوار خاندان، ان کے حامیوں اور خیرخواہوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رہنما راہل گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ مہاراشٹر کے نائب وزیراعلی جناب اجیت پوار اور ان کے ساتھی مسافروں کے آج ہوائی جہاز کے حادثے میں جاں بحق ہونے کی خبر انتہائی افسوسناک ہے۔ میں دکھ کی اس گھڑی میں مہاراشٹر کے لوگوں کے ساتھ کھڑا ہوں۔ میں تمام پوار خاندان اور ان کے چاہنے والوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے بھی اجیت پوار کی موت پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ مہاراشٹر میں پیش آنے والے ہولناک طیارہ حادثے میں نائب وزیراعلی شری اجیت پوار جی اور دیگر افراد کے انتقال کی خبر انتہائی دکھ بھری ہے۔ ایشور مرحوم کی روحوں کو سکون عطا فرمائے۔

ٹرمپ کے بورڈ آف پیس اقدام میں مزید 20 ممالک کی شمولیت

واشنگٹن ۔ 28/ جنوری (ایجنسی) وائٹ ہاوس کی پریس سیکریٹری کیرولین لیویٹ نے پیر کو کہا کہ مزید 20 ممالک نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں شامل ہونے کے لیے دستخط کیے ہیں تاہم انہوں نے نئے شامل ہونے والے ممالک کے نام ظاہر نہیں کیے۔ لیویٹ نے بتایا کہ بورڈ آف پیس کو ابتدا میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے غزہ کے انتظام و انصرام کی نگرانی کے لیے دو برس کی مدت کے لیے منظور کیا تھا مگر اب ٹرمپ انتظامیہ اسے دنیا کے دیگر حصوں میں تنازعات کے حل کے لیے استعمال کرنے کی پوزیشن میں لا رہی ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اس اقدام کو بعض مغربی ممالک کی مخالفت کا سامنا ہے جو اسے اقوام متحدہ کے کردار کو کمزور کرنے کی کوشش سمجھتے ہیں۔ وائٹ ہاوس میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے لیویٹ نے غزہ سے آخری اسرائیلی یرغمالی کی واپسی کو ٹرمپ۔ اسرائیل اور عالمی برادری کے لیے ایک بڑی سفارتی کامیابی قرار دیا۔

اپنی زمین اور فضا کو ایران کیخلاف استعمال نہیں ہونے دینگے

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو یقین دہانی



ریاض ۔28/جنوری (ایجنسی) سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو یقین دہانی کرائی ہے کہ سعودی عرب اپنی زمین اور فضائی حدود ایران کے خلاف کسی بھی کارروائی کے لیے استعمال نہیں ہونے دے گا۔ یہ بات دونوں رہنماں کے درمیان ہونے والی ٹیلی فونک گفتگو کے دوران سامنے آئی، جس میں خطے کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادل خیال کیا گیا۔ ٹیلی فونک رابطے میں سعودی ولی عہد نے واضح کیا کہ سعودی عرب ایران کے خلاف ہر قسم کی جارحیت اور اشتعال انگیزی کو مسترد کرتا ہے اور خطے میں کشیدگی بڑھانے والے کسی بھی اقدام کا حصہ نہیں بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی پالیسی خطے میں امن اور استحکام کے اصول پر قائم ہے۔ اس موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران ہمیشہ عالمی قوانین کے دائرے میں جنگ روکنے کی کوششوں کا حامی رہا ہے اور اب بھی کشیدگی کم کرنے کے ہر اقدام کا خیر مقدم کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ امریکہ کی دھمکیاں اور نفسیاتی دباخطے میں عدم استحکام کے سوا کچھ پیدا نہیں کریں گے اور یہ اقدامات علاقائی سلامتی کے لیے نقصان دہ ہیں۔ یہ رابطہ ایک ایسے وقت میں ہوا ہے جب امریکی بحری بیڑا، جس میں یو ایس ایس ابراہم لنکن طیارہ بردار جہاز اور دیگر جنگی جہاز شامل ہیں، مشرق وسطی پہنچ چکا ہے۔ یہ تعیناتی ایسے حالات میں کی گئی ہے جب حالیہ دنوں میں ایران کے اندر احتجاجی مظاہروں کے خلاف کریک ڈان کے بعد امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی میں اضافہ دیکھا گیا۔ اگرچہ بعد ازاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف براہِ راست فوجی کارروائی سے پیچھے ہٹنے کا عندیہ دیا، تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ تمام آپشنز بدستور موجود ہیں۔ امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ یہ بحری بیڑا علاقائی سلامتی اور استحکام کو فروغ دینے کے مقصد سے مشرقِ وسطی میں تعینات کیا گیا ہے۔

ریاض میں تیسری بھارت-سعودی عرب سکیوریٹی ورکنگ گروپ کی میٹنگ

ریاض ۔28/جنوری (ایجنسی) بھارت اور سعودی عرب نے ریاض میں اسٹریٹجک پارٹنرشپ کونسل کے سیاسی، قونصلر اور سیکیورٹی تعاون کمیٹی کے تحت ہونے والی تیسری بھارت-سعودی عرب سیکیورٹی ورکنگ گروپ کی میٹنگ میں جاری سیکیورٹی تعاون کا جامع جائزہ لیا۔ دونوں فریقین نے دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہر بشمول سرحد پار دہشت گردی، پہلگام دہشت گرد حملے (22 اپریل 2025) اور نئی دہلی کے لال قلعہ کے قریب دہشت گردی کی واردات (10 نومبر 2025)۔ کی مذمت دوہرائی۔ یہ میٹنگ 28 جنوری 2026 کو ریاض میں منعقد ہوئی، جس کی صدارت بھارتی طرف سے وزارت خارجہ کے جوائنٹ سیکریٹری (کانٹر ٹیررزم) ڈاکٹر ونود بہادے اور سعودی طرف سے وزارت داخلہ کے ڈائریکٹر جنرل احمد العیسی نے کی۔ دونوں ممالک نے عالمی اور علاقائی دہشت گرد گروہوں سے خطرات، انتہا پسندی، دہشت گردی کی مالی معاونت، ٹیکنالوجی کے غلط استعمال اور جرائم و دہشت گردی کے تعلق پر تبادلہ خیال کیا۔ قانونی، عدالتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی غور کیا گیا۔ دہشت گردی کے واقعات: پہلگام حملہ 22 اپریل 2025 کو جموں و کشمیر میں معصوم شہریوں پر ہوا۔ ریڈ فورٹ کے قریب 10 نومبر 2025 کا واقعہ بھی دہشت گردی قرار دیا گیا۔ دونوں ممالک نے دہشت گردی کو کسی بھی مذہب یا ثقافت سے جوڑنے کی مذمت کی۔ اگلی سیکیورٹی ورکنگ گروپ میٹنگ بھارت میں باہمی اتفاق رائے سے ہوگی۔ یہ ملاقاتیں بھارت-سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک تعلقات کو مضبوط بنانے کی عکاسی کرتی ہیں۔

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
Yesterday's 22ct Gold Rate
Rs. 1,53,150/-
For 10 gram Rate
NAMAZ TIMING

Namaz is a Pillar of Islam	ZOHAR	ASAR	MAGHRIB	ISHAA	TOMORROWS FAJAR
STARTS	12:22	4:33	6:26	7:34	5:03

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
21-2-82, Gulzar Houz, Hyd.
040-66147553
040-24411553
8341340473

امریکی رکن پارلیمنٹ الہان عمر پر اسپرے اٹیک

منیپولس ۔28/جنوری (ایجنسی) ایک شخص نے ڈیموکریٹک امریکی نمائندہ الہان عمر پر نامعلوم مادہ اسپرے کرنے کی کوشش کی۔

اسپرے کرنے والے شخص کو فوری طور پر گرفتار کرلیا گیا۔ الہان عمر پر اس وقت اسپرے کی کوشش کی گئی جب وہ منیاپولس میں ٹان ہال میٹنگ میں امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (آئی سی ای) ایجنسی کے خاتمے کا مطالبہ کر رہیں تھیں۔ حالانکہ الہان عمر اس حملے میں زخمی نہیں ہوئیں۔ حکام نے بتایا کہ حملہ آور کو تھرڈ ڈگری حملے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ ویڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ جیسے ہی الہان عمر نے امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ کے خاتمے اور محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی (ڈی ایچ ایس) کی سیکرٹری کرسٹی نوم کے استعفی کا مطالبہ کیا فوری ایک شخص عمر کے پوڈیم کی طرف دوڑتا ہوا گیا اور سرنج کے ذریعہ اسپرے کرنے کی کوشش کی۔ پولیس نے حملہ آور کی شناخت 55 سالہ انتھونی کازمیرزاک کے نام سے کی گئی ہے۔ یہ فوری طور پر واضح نہیں ہوسکا کہ آیا کازمیرزاک کے پاس کوئی وکیل تھا۔ عمر نے حملے کے باوجود تقریبا 25 منٹ مزید بولنا جاری رکھا۔ انھوں نے کہا کہ وہ خوفزدہ نہیں ہوں گی۔

لبنی قاضی چودھری کا امریکی عدلیہ میں تاریخی قدم

نیوجرسی میں ایڈمنسٹریٹیو لا جج کی حیثیت سے حلف

ممبئی ۔ 28/ جنوری (ایجنسی) مہاراشٹر کے ضلع رائیگڑھ سے تعلق رکھنے والی قانون داں لبنی قاضی نے امریکہ کی ریاست نیوجرسی میں ایڈمنسٹریٹیو لا جج کے عہدے کا حلف اٹھا کر ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔



اس تقرری کے ساتھ ہی وہ نیوجرسی میں اس منصب پر فائز ہونے والی پہلی مسلم خاتون جج بن گئی ہیں، جسے عدلیہ میں اقلیتی نمائندگی کے اعتبار سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ حلف برداری کی یہ تقریب حال ہی میں منعقد ہوئی، جہاں نیوجرسی سپریم کورٹ کی ایسوسی ایٹ جسٹس رینچل ویزاپٹر نے لبنی قاضی کو حلف دلوایا۔ اس موقع پر لبنی نے قرآن مجید پر ہاتھ رکھ کر اپنی آئینی ذمہ داریوں کی پاسداری کا عہد لیا۔ ایڈمنسٹریٹیو لا جج کا عہدہ امریکی عدالتی نظام میں غیر معمولی اہمیت کا حامل سمجھا جاتا ہے۔

ٹیکساس کے سرکاری اداروں و یونیورسٹی میں H1B ویزے کے نئی درخواستوں پر پابندی

ٹیکساس ۔ 28/ جنوری (ایجنسی) ٹیکساس کے گورنر گریگ ایبٹ نے ریاستی جامعات اور سرکاری اداروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ آئندہ سال تک H1B ویزا کے تحت نئی بھرتیاں روک دیں۔ یہ فیصلہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ویزا پروگرام میں اصلاحات کی کوششوں کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ گورنر گریگ ایبٹ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے چلنے والی نوکریوں میں سب سے پہلے ٹیکساس کے شہریوں کو ترجیح دی جانی چاہیے، اس پابندی کا مقصد H1B ویزا پروگرام کے لیے قانونی ضوابط تیار کرنا اور ممکنہ اصلاحات کو نافذ کرنے کا وقت دینا ہے۔ یہ پابندی 31 مئی 2027 تک نافذ رہے گی تاہم ٹیکساس ورک فورس کمیشن کی اجازت سے استثنی دیا جاسکتا ہے۔ گورنر کے حکم نامے کے تحت تمام اداروں کو H1B ویزا ہولڈرز کی تعداد، ملازمتوں کی نوعیت، پیدائش کے ممالک اور ویزا کی مدت سے متعلق تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی۔

ہندوستان تعمیر و ترقی کی راہوں پر دوڑ رہا ہے

ہندوستان پچھلے گیارہ سالوں میں ہر شعبے میں اپنی بنیادوں کو مضبوط کیا

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے بجٹ اجلاس 2026 کا آغاز

نئی دہلی ۔ 28/ جنوری (ایجنسی) چہارشنبہ (28 جنوری) کو پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس شروع ہوگیا ہے۔ بجٹ اجلاس کی شروعات صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے ہوئی ہے۔ پالیمنٹ کا یہ اجلاس 2 مرحلوں میں منعقد ہوگا، جس کا پہلا مرحلہ آج سے 13 فروری تک جاری رہے گا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو کے ایکس پوسٹ کے مطابق دوسرا مرحلہ جس میں بجٹ پر بحث ہوگی 9 مارچ کو شروع ہوگا اور 2 اپریل تک جاری رہے گا۔ پہلے مرحلہ کے دوران آج پارلیمنٹ میں اقتصادی سروے پیش کیا جائے گا، جبکہ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن یکم فروری کو بجٹ پیش کریں گی، جو اتوار کا دن ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اجلاس کی شروعات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت خوشحال کسان کو ترقی یافتہ ہندوستان کی پہلی ترجیح کے طور پر دیکھتی ہے، اسی جذبے کے ساتھ حکومت کے ذریعہ پی ایم کسان سمان ندھی یوجنا شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے دیہی علاقوں میں ترقی اور روزگار کے لیے وکست بھارت-جی رام جی قانون بنائے جانے کا تذکرہ کیا۔ اس پر اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ نے احتجاج کرتے ہوئے ہنگامے کیے اور نعرے لگائے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ حکومت حقیقی سماجی انصاف کے لیے وقف ہے۔ دروپدی مرمو نے بتایا کہ یورپی یونین کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدہ (ایف ٹی اے) سے سروس اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں کو تحریک ملے گی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ ساتھ ہی دعوی کیا کہ حکومت بدعنوانی اور گھوٹالوں سے نمٹنے میں کامیاب رہی ہے اور سرکاری فنڈز کا صحیح استعمال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ حکومت دلتوں، محروموں، پسماندہ اور قبائلی لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے مکمل عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ خطاب کے دوران صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستانی حکومت نے اسٹارٹ-اپ کو سپورٹ کرنے کے لیے کئی اسکیمیں شروع کی ہیں، جو بہت کامیاب رہی ہیں۔ ان کے مطابق جہاں ایک دہائی قبل ملک میں صرف 500 اسٹارٹ اپ تھے، اب یہ تعداد ہزاروں میں ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ تکنیک اور اے آئی میں بھی مسلسل ترقی ہورہی ہے۔ حکومت اور نوجوانوں کی مشترکہ کوششوں سے ملک میں کھیلوں کا بھی شاندار فروغ ہورہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے کھیلو انڈیا جیسی مہم کا آغاز کیا اور کھیلوں کے محکموں میں شفافیت لائی گئی۔ اس کے علاوہ انہوں نے حکومت کی کئی دیگر اسکیموں کی بھی تعریف کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے مطابق ہندوستان گلوبل ساتھ کی آواز بن کر ابھرا ہے۔ اس نے برکس، ایس سی او اور جی 20 جیسے فورمز پر اپنی مضبوط موجودگی درج کرائی ہے اور دنیا کے کئی مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے بتایا کہ حکومت جلد عالمی مصنوعی ذہانت (گلوبل اے آئی) سمٹ کا انعقاد کرنے جارہی ہے۔

قرآن کے ساتھ گیتا بھی پڑھنے کی اپیل

مدارس کے طلبا سے سینئر آئی پی ایس آفیسر کا خطاب

بھوپال ۔ 28/ جنوری (ایجنسی) مدھیہ پردیش کی راجدھانی بھوپال سے متصل سیہور ضلع کے ڈوراہا میں واقع مدرسہ اسلامیہ مدین العلوم میں یوم جمہوریہ کے موقع پر شاندار رنگا رنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران ایک نئی اور تاریخی پہل دیکھنے میں آئی، جس کی کئی حلقوں کی طرف سے تعریف کی جا رہی ہے۔ تقریب کے دوران سینئر آئی پی ایس افسر راجہ بابو سنگھ نے مدرسے کے طلبا سے خطاب کیا اور اساتذہ سے بچوں کو ماحولیات و سائنسی علوم کے ساتھ ساتھ گیتا کے ابواب پڑھانے کی اپیل بھی کی، جس سے آپسی بھائی چارے، ہم آہنگی اور قومی اتحاد کا پیغام دیا جاسکے۔ پروگرام کے دوران ریاست کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس) اے ڈی جی (ٹریننگ (راجہ بابو سنگھ نے آن لائن خطاب کیا۔ یہ پہل مدرسہ کے سربراہ مولوی عظیم اللہ کی کوششوں سے ممکن ہوسکی۔ اپنے خطاب میں اے ڈی جی راجہ بابو سنگھ نے مشہور عالم دین امین اللہ کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح قرآن انسانیت کو صحیح راستہ دکھاتا ہے اسی طرح گیتا بھی زندگی کے لیے متاثر کن رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مذہبی صحیفے انسانیت، اخلاقیات اور ہم آہنگی کا پیغام دیتے ہیں، اگر بچوں کو قرآن کے ساتھ گیتا کی مثبت تعلیمات سے بھی روشناس کرایا جائے تو معاشرے میں بہتر سوچ اور ثقافت کو فروغ ملے گا۔ اے ڈی جی راجہ بابو سنگھ نے سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس کے وژن کا حوالہ دیتے ہوئے بچوں کو مثبت سوچنے اور ذمہ دار شہری بننے کی ترغیب دی۔ اے ڈی جی) ٹریننگ (راجہ بابو سنگھ نے آج تک کو بتایا کہ مولانا عظیم اللہ میرے پرانے دوست ہیں اور میرے آبائی ضلع، باندہ) یوپی (کے رہنے والے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مولانا موصوف نے درخواست کی تھی کہ میں ان کے مدرسہ کے طلبا سے خطاب کروں۔ اے ڈی جی نے کہا کہ قومی تہوار پر انہوں نے آن لائن خطاب کیا اور کہا کہ آپ لوگ اچھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں لیکن میں نے مشورہ دیا کہ آپ لوگ کچھ اور باتوں پر بھی دھیان دیں کیونکہ وہاں مولانا صاحب بھی موجود تھے، تو میں نے ان سے درخواست کی کہ وہ بچوں کو ماحولیاتی آگاہی کے بارے میں سکھائیں، کیونکہ یہ سبھی کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری بات جو میں نے کہی وہ یہ کہ ہمارا ملک برصغیر کا ایک بڑا ملک ہے، اس لیے ہمیں ہندوستان کے اتحاد اور سالمیت کے دفاع کے لیے ہمیشہ تیار رہنا چاہیے۔ تیسرا، میں نے کہا کہ آپ بچوں کو سائنسی نقطہ نظر بھی سکھائیں کیونکہ یہ دنیا میں آگے بڑھنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ سچائی تک پہنچنے کے بہت سے راستے ہیں اور ہمیں ان سبھی راستوں کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ چوتھا، میں نے کہا کہ مقدس کتاب قرآن کا مطالعہ کریں لیکن ساتھ ہی ہزاروں سالوں سے انسانیت کی رہنمائی کر رہی بھگود گیتا کا بھی مطالعہ کریں۔ سینئر آئی پی ایس راجہ بابو سنگھ اس سے پہلے بھی خبروں میں رہے ہیں جب انہوں نے مدھیہ پردیش کے تمام پولیس ٹریننگ اسکولوں کو ہدایت کی تھی کہ وہ اپنے بھرتی ہونے والوں کے لیے بھگود گیتا اور رام چرتر مانس پڑھنے کے سیشن کا اہتمام کریں۔

برقعہ پوش مسلم خاتون کا وندے ماترم کہنے سے انکار

ایک ٹرین میں سفر کے دوران برقعہ پوش خاتون کو وندے ماترم کہنے کا دباڈالا گیا۔ یہ واقعہ کب اور کہاں پیش آیا اس کی فوری تصدیق نہیں ہوسکی۔ تاہم سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دعوی کیا گیا ہے کہ جن شتابدی ایکسپریس ٹرین میں، اے بی وی پی کے طلبہ کنونشن سے واپسی کے دوران ایک مسلم خاتون پر محض ان کی مذہبی شناخت کی بنیاد پر وندے ماترم کا نعرہ لگانے کے لیے دباڈالا گیا۔ ویڈیو میں یہ مطالبہ واضح طور پر سنا جاسکتا ہے۔ تاہم، برقعہ پوش خاتون نے اپنی جرات اور حوصلے کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس دباکے آگے نہ جھکنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے نہ صرف انکار کیا بلکہ اس دوران پورے واقعہ کو ریکارڈ بھی کیا، جس سے اس معاملے کی شفافیت سامنے آئی۔ سوشل میڈیا صارفین کے مطابق یہ واقعہ بڑھتے ہوئے مذہبی دباو اور اقلیتوں کے خلاف نفرت انگیز رویوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ دوسری جانب، خاتون کی ہمت اور آئینی حقوق کی حفاظت کا مظاہرہ نہ صرف متاثر کن ہے بلکہ سماج کے لیے ایک پیغام بھی ہے کہ خوف یا دباکے سامنے اپنے حق پر قائم رہنا ممکن ہے۔